بلاوا

5th Pillar
Family Takaful Limited

# 5th Pillar Family Takaful Bulawa Hajj Savings Plan

ففتھ پلر فیملی تکافل بلاوہ حج سیونگز پلان



Bank Alfalah
Islamic

آئیے، ساتھ چلیں

# لبیک اللھم لبیک

Performing Hajj is a lifelong dream for millions of Muslims, no matter their age, beliefs, or background. But in Pakistan, the struggle of everyday life and economic pressures makes many Muslims think that this is simply an unattainable goal. They become disheartened and write it off as something fantastical, not realising that with the right intention and the power of prayer, it can be in fact a dream fulfilled.

حج کی ادائیگی ہر مسلمان کی ایک دلی خواہش ہے، خواہ وہ کسی بھی عمر، عقیدے اور پس منظر سے تعلق رکھتا ہو۔ لیکن روز مرہ زندگی کے حالات اور معاشی دباؤ کی وجہ سے دل شکستہ ہو کر کئی مسلمان حج کی ادائیگی کو ایک ناقابلِ حصول خواب سمجھنے پر مجبور ہو گئے ہیں لیکن اخلاصِ نیت اور دعا کی طاقت سے یہ خواب شرمندہ تعبیر ہوسکتا ہے۔

At 5th Pillar Family Takaful Limited, our goal is to become a ray of hope for these people. We want to reignite their belief that, yes, with the right intention and the right actions, they too can reach the Holy lands of Makkah and Madina. It is our dream to be your partner on this journey from the moment you make a true intention uptil the moment you return home safely.

ففتھ پلر فیملی تکافل میں ہمارا مقصد ایسے افراد کے لیے اُمید کی کرن بننا ہے۔ ہم ان کا یہ یقین واپس لانا چاہتے ہیں کہ درست نیت اور بروقت فیصلوں سے یہ لوگ بھی مکہ اور مدینہ کی مقدس سرزمین پر قدم رکھ سکتے ہیں۔حج کا عزم کرنے سے لے کر بحفاظت گھر واپسی تک کے سفر میں آپ کا رفیقِ سفر بننا ہمارا خواب ہے۔

We're not just a financial service but a complete system to make your Hajj experience smooth and easy. We create connected experiences, from a straightforward savings & Takaful plan in Pakistan to transportation and accommodations in Saudi Arabia's holy cities, all guided by Shariah compliant principles of Takaful.

ہم صرف مالیاتی سروس ہی فراہم نہیں کرتے، بلکہ حج کے تجربہ کو ہموار اور آسان بنانے کے لیے ایک مکمل نظام پیش کرتے ہیں۔ تکافل کے شرعی اصولوں کی روشنی میں ہم نے پاکستان میں خالص بچت اور تکافل پلان سے لے کر سعودی عرب کے مقدس شہروں میں رہائش اور سفر تک کا ایک مربوط نظام ترتیب دیا ہے۔

In short, we aim to be a facilitating companion, helping you transform Hajj from merely a dream to an achievable goal and supporting you until you return home to celebrate with your family.

مختصر یہ کہ ہمارا مقصد ایک ایسا قابلِ بھروسہ رفیقِ سفر بننا ہے، جو نہ صرف حج کو محض ایک خواب سے قابل حصول ہدف میں بدل دے، بلکہ حج سے واپسی پراپنے گھر والوں کے ساتھ حج کی خوشی کو منانے تک آپ کا ساتھ دے۔

## Free Look Period

**The Participant can cancel the membership within fourteen (14) days of the receipt of the membership Documents. In case of cancellation during this free look period (subject to Terms and Conditions), 5th Pillar Family Takaful Limited will refund the Contribution paid less the amount paid into the Individual Family Takaful Participant Fund (IFTPF) as the Takaful Contributions. Furthermore, 5th Pillar Family Takaful Limited reserves the right to deduct expenses incurred on medical examination of the Participant, if any, in connection with the issuance of the membership.**

## غور و فکر کی مدت(فری لُک پیریڈ)

شریک تکافل، رکنیت کی دستاویز(پی ایم ڈی) موصول ہونے کے 14 دن کے اندر اندراپنی رکنیت کو منسوخ کرسکتا ہے۔ اس دورانیے میں رکنیت ختم کروانے کی صورت میں ففتھ پلر فیملی تکافل لمیٹڈ (شرائط و ضوابط کے مطابق) اس زرتعاون سے تکافل عطیہ کے طور پر انفرادی پی ٹی ایف میں جانے والی رقم منہا کرکے باقی رقم واپس کردے گا۔ اس کے علاوہ، رکنیت کے اجراء کے حوالے سے اگر کوئی طبی معائنہ ہوا ہو توففتھ پلر فیملی تکافل کو یہ اخراجات بھی منہا کرنے کا حق ہے۔

## Disclosure of Product

This is a Family Takaful product which has two distinct elements, i.e., Takaful Protection and Investment. The investment component is linked to the performance of the underlying assets under unit linked fund(s).

## پراڈکٹ کی وضاحت

یہ ایک فیملی تکافل پراڈکٹ ہے، جس کے دو بنیادی عناصر ہیں، یعنی: تکافل کا تحفظ اور سرمایہ کاری۔ سرمایہ کاری کا عنصر یونٹ لنکڈ فنڈمیں موجود اثاثہ جات کی کارکردگی سے مشروط ہے۔

## About 5th Pillar Family Takaful Limited

5th Pillar Family Takaful Limited is a new entrant into the family takaful sector of Pakistan which is supported by eminent business houses from Kuwait and Pakistan.

Our salient features include:

- Largest FDI in Takaful sector of Pakistan
- 68% shares of 5th Pillar Takaful owned by foreign shareholders and the remaining 32% by Pakistani interests
- Largest initial paid up capital of PKR 2 billion in the history of Pakistan's takaful sector
- Highest initial credit rating "A+ Stable Outlook" from Pakistan Credit Rating Agency
- Licensed by the SECP to underwrite Shariah-Compliant Family Takaful business in Pakistan
- State-of-the-art IT platform to support business operations throughout the membership lifecycle
- Upcoming customer engagement mobile app/web portal to provide 24/7 information and assistance to members from the comfort of their homes

## ففتھ پلر فیملی تکافل لمیٹڈ کا تعارف

ففتھ پلر فیملی تکافل لمیٹڈ پاکستان کے فیملی تکافل کے شعبہ میں ایک نیا اضافہ ہے، جسے کویت اور پاکستان کے ممتاز کاروباری اداروں کا تعاون حاصل ہے۔

ہماری چند نمایاں خصوصیات درج ذیل ہیں:

- پاکستان کے شعبہ تکافل میں براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کے اعتبار سے سب سے بڑی کمپنی۔
- ففتھ پلر تکافل کے 68% حصص غیر ملکی شیئر ہولڈرز کی ملکیت ہیں جبکہ باقی 32% پاکستانی شیئر ہولڈرز کی توجہ کا مرکز ہیں۔
- پاکستان کے شعبہ تکافل کی تاریخ میں 2 ارب روپے کا سب سے بڑا ابتدائی پیڈ اپ کیپیٹل۔
- پاکستان کی کریڈٹ ریٹنگ ایجنسی کی جانب سے سب سے بڑی ابتدائی " A+ مستحکم آؤٹ لُک" کی کریڈٹ ریٹنگ۔
- SECP کی جانب سے پاکستان میں شریعہ سے ہم آہنگ فیملی تکافل بزنس انڈر رائٹ کرنے کے لیے لائسنس یافتہ۔
- رکنیت کے مکمل دورانیے میں بزنس کے انتظامات کو ہموار رکھنے کے لیے اپنی نوعیت کا بہترین آئی ٹی پلیٹ فارم۔
- کسی بھی وقت گھر بیٹھے معلومات اور تعاون حاصل کرنے کے لیے موبائل ایپلیکیشن/ویب پورٹل کا عنقریب آغاز۔

## Our Sponsors


**Kuwait International Investment Holding Company (KIIC)** is a leading investment company headquartered in Kuwait City, Kuwait. Founded in 1973, KIIC is owned by leading business houses of Kuwait including Government of Kuwait-owned Kuwait Investment Authority (KIA) which owns 31.90% shares of KIIC.

**IFA Group Kuwait** is a Kuwait-based company incorporated in 1974. IFA Group is a multi-billion US Dollars consortium of 10 listed Kuwaiti companies with diverse investments in Takaful, Financial Services, Consumer Finance, Technology, Food Services, Hospitality and Real Estate. The group owns multiple hotels in the Middle East, Africa, Europe and USA consisting of about 11,500 five star room keys in the four continents providing unmatched experience in hospitality sector in particular.

## ہمارے اسپانسرز

**کویت انٹرنیشنل انویسٹمنٹ ہولڈنگ ایجنسی (KIIC)** ایک معروف سرمایہ کاری کمپنی ہے جس کا ہیڈ کوارٹر کویتی ریاست کے شہر کویت میں واقع ہے۔ اس کمپنی کا قیام 1973 میں عمل میں آیا، کویت کے کئی ممتاز کاروباری اداروں کے پاس KIIC کی مشترکہ ملکیت ہے، جس میں کویتی حکومت کی ملکیتی کمپنی "کویت انویسٹمنٹ اتھارٹی (KIA)" 31.90% حصص کی مالک ہے۔

**آئی ایف اے(IFA) گروپ کویت** بھی ایک کویتی کمپنی ہے اور 1974 میں اس کا قیام عمل میں آیا۔ IFA گروپ 10 کویتی لسٹڈ کمپنیز کے اشتراک سے وجود میں آئی ہے، جن کی تکافل، میزبانی، مالیاتی خدمات اور رئیل اسٹیٹ کے شعبوں میں کئی بلین یو ایس ڈالر پر مشتمل سرمایہ کاری ہے۔ اس گروپ کے چار براعظموں یعنی مشرق وسطیٰ، افریقہ، یورپ اور متحدہ امریکہ میں مختلف ہوٹلز کے تقریبًا 11500 فائیو اسٹار کمرے ہیں جو میزبانی کے اس شعبہ میں بےمثال خدمات فراہم کررہے ہیں۔



**5th Pillar Holding DIFC Dubai, UAE** is a special purpose company which has been established by renowned business houses from Kuwait to develop Takaful companies and Hajj services value chain in major Muslim countries. Starting with Pakistan, the company plans to set up similar operations in Bangladesh, Indonesia, Turkey and Egypt.

**ففتھ پلر ہولڈنگ DIFC دبئی، یو اے ای** کویت کے معروف کاروباری اداروں کی جانب سے خصوصی مقصد کے تحت بنائی گئی کمپنی ہے تاکہ کثیر مسلم آبادی والے ممالک میں دیگر کمپنیز اور حج کی خدمات کے حوالے سے ایک منظم ترتیب تشکیل دی جاسکے۔ پاکستان سے آغاز اورحج کی سہولیات کے ساتھ اسی طرح کے انتظامات بنگلہ دیش, انڈونیشیا، ترکیہ اور مصر میں بھی شروع کیے جائیں گے۔

**Muhammadi Family & Associates** includes the Muhammadi Family who have been doing business in the insurance sector across three generations in Pakistan.

**محمدی فیملی اینڈ ایسوسی ایٹس** اس میں محمدی فیملی بھی شامل ہے جو تین نسلوں سے پاکستان میں انشورنس سیکٹر کے بزنس میں پیش پیش ہے۔

This significant financial backing has allowed the company to invest in cutting-edge technology and develop innovative products in order to provide unparalleled customer service to its clients. Our reputed sponsors possess the necessary financial resources and expertise to deliver on their commitment to facilitate Hajj services for our members from Pakistan and from other selected countries with ease and comfort.

اس اہم مالیاتی تعاون کی بدولت کمپنی اپنے صارفین کو جدید ٹیکنالوجی اور پراڈکٹ کے ذریعے بے مثال خدمات فراہم کرنے کے قابل ہوسکی ہے۔ ہمارے معزز اسپانسرز کے پاس ہمارے شرکاء تکافل کے لیے پاکستان اور دیگر منتخب ملکوں سے انتہائی سہولت اور آسانی کے ساتھ حج کی سعادت حاصل کرنے کے حوالے سے تمام ضروری مالی وسائل اور تجربہ موجود ہے۔

## Value Chain

## مکمل مرتب نظام

Our sponsors have the noble vision of providing a complete solution to our members with the innovative Shariah-compliant product "**5th Pillar Family Takaful Bulawa Hajj Savings Plan**" supported with "Complete Umrah Services Value Chain" which will provide our participants with a peaceful and highly supervised experience in Pakistan and in Saudi Arabia with the help of subsidiary/associate companies summarized as follows:

ہمارے اسپانسرز کا ایک عظیم مقصد ہے کہ اپنے شرکاء کو شریعت سے ہم آہنگ، جدید اور اپنی نوعیت کی منفرد پراڈکٹ **"ففتھ پلرفیملی تکافل بلاوا حج سیونگز پلان"** کے ذریعے "مکمل مرتب نظام" کے تعاون سے مکمل حل پیش کیا جائے، جو ہمارے شرکاء تکافل کو پاکستان اور سعودی عرب میں اپنی متعلقہ کمپنیز کے تعاون سے پُر سکون اور انتہائی منظم تجربہ کے ساتھ خدمات فراہم کریں گے، جس کا خلاصہ درجِ ذیل ہے:

5th Pillar Family Takaful Limited, Pakistan will provide Protection and Savings Takaful Plans to assist members in achieving their need-based targeted savings for performing Hajj.

ففتھ پلر فیملی تکافل لمیٹڈ پاکستان، تحفظ اور بچت پلان پیش کرے گا، تاکہ شرکاء تکافل حج کی ادائیگی کے حوالے سے کی گئی بچت کا ہدف حاصل کرسکیں

5th Pillar Travel Private Limited (i.e. associated company of 5th Pillar Family Takaful Limited) has been incorporated and registered with the SECP, will act as a Centre of Excellence to make necessary arrangements to facilitate our members in Pakistan and in Saudi Arabia. 5th Pillar Travel Private Limited will acquire the necessary services from various Hajj Group Organizers (HGOs) approved by the Ministry of Religious Affairs and Interfaith Harmony (MORA & IH), Govt. of Pakistan and collaborate with 5th Pillar Arabia Limited to organize a comfortable experience for Members from Hajj Registration, travel to Saudi Arabia and return back to Pakistan after performing Pilgrimage as detailed in "How it Works?" hereinafter

ففتھ پلر پرائیویٹ لمیٹڈ، (جو کہ ففتھ پلر فیملی تکافل لمیٹڈ کی متعلقہ کمپنی ہے) SECP کے ساتھ رجسٹرڈ ہونے کے ساتھ ساتھ پاکستان اور سعودی عرب میں اپنے شرکاء کو ضروری خدمات فراہم کرنے کے مرکز کے طور پر بھی کام کررہی ہے۔ ففتھ پلر ٹریول پرائیوٹ لمیٹڈ نے شرکاء کو آرام دہ تجربہ فراہم کرنے کے لیے وزارت برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی،حکومتِ پاکستان اور مختلف حج گروپ آرگنائزرز (HGOs) سے ضروری خدمات حاصل کرکے ففتھ پلر عریبیہ لمیٹڈ کے ساتھ اشتراک کیا ہے، ان خدمات میں حج کی رجسٹریشن، سعودی عرب کا سفر اور حج کی ادائیگی کے بعد پاکستان واپسی شامل ہے، اس کی تفصیل "یہ کس طرح کام کرتا ہے؟" میں بیان کی گئی ہے۔



## 5th Pillar Family Takaful Bulawa Hajj Savings Plan

Cost of Hajj is escalating rapidly and without structured long term saving it will become increasingly difficult for many Muslims to perform the sacred pilgrimage. "5th Pillar Family Takaful Bulawa Hajj Savings Plan" is the perfect solution to help you to save for the holy pilgrimage in a responsible and affordable manner.

Our Bulawa Hajj Savings Plan is a Shariah-Compliant Individual Life Unit-Linked Takaful Saving Plan which offers valuable Takaful coverage along with the opportunity to accumulate your savings with the aim of performing Hajj. To embark upon a spiritual journey of this significance, early and prudent planning is essential to ensure one is financially prepared to perform the cherished pilgrimage.

Start preparing for your Hajj journey today by choosing 5th Pillar Family Takaful Bulawa Hajj Savings Plan

## How It Works?

Once the participant enrolls with 5th Pillar Family Takaful Limited, based on the projected economy Hajj cost, his/her savings would be invested by our financial experts maintaining Takaful protection under the supervision of our Shariah Advisor. In the event of unfortunate death of the participant during membership period, higher of face value or cash value shall be payable.

Upon maturity of the membership, the Participant shall have the following two options based on the projected Hajj cost:

**Option 1 - Membership Maturity Benefit**
Participant/member may withdraw the maturity value of the membership.

**Option 2 - Hajj Facilitation Services**

To embark on the journey to perform Hajj, 5th Pillar Travel Private Limited and 5th Pillar Arabia Limited (Registered in Saudi Arabia), associated companies of 5th Pillar Family Takaful Limited, have developed a complete end to end Hajj Services value chain in Pakistan and in Saudi Arabia. This value chain includes, but is not limited to, the facilities mentioned below:

- Registration for Hajj
- Vaccination
- Orientation and Training
- Hajj Pack includes accessories such as Ihram/Abaya, Prayer Mat, etc.
- Assistance at various airports inside Pakistan and Saudi Arabia
- Transport to and from Saudi airports and hotels booked
- Accommodation in Makkah and Medina
- Ziarat arrangements in Makkah and Medina
- Catering and food arrangements throughout the pilgrimage

## ففتھ پلرفیملی تکافل بلاوا حج سیونگز پلان

حج کے اخراجات مسلسل بڑھتے جارہے ہیں اور کسی منظم طویل المیعاد بچت کے بغیر کئی مسلمانوں کے لیے یہ مقدس سفر مشکل بنتا جارہا ہے۔"ففتھ پلرفیملی تکافل بلاوا حج سیونگز پلان" اس مقدس سفر کے لیے ذمہ دارانہ اور باسہولت انداز سے بچت کی ضرورت کو پورا کرنے کا بہترین حل ہے۔

ہمارا بلاوا حج سیونگز پلان شریعت سے ہم آہنگ انفرادی لائف یونٹ لنکڈ تکافل سیونگ پلان ہے، جو ایک قابل قدر تکافل تحفظ کے ساتھ ساتھ حج کی ادائیگی کے لیے آپ کی بچت کو جمع کرنے کا موقع بھی فراہم کرتا ہے۔ اس روحانی سفر کا آغاز کرنے کے لیے اہم، بروقت اور دانشمندانہ پلاننگ بہت ضروری ہے تاکہ مقدس فریضے کی ادائیگی کے لیے مالی انتظامات کو یقینی بنایا جائے۔

لہٰذا ففتھ پلرفیملی تکافل بلاوا حج سیونگز پلان کا انتخاب کرکے آج ہی سے اس مقدس سفر کے انتظامات کا آغاز کریں۔

## یہ پلان کس طرح کام کرتا ہے؟

جیسے ہی شریکِ تکافل کا ففتھ پلر فیملی تکافل لمیٹڈ میں اندراج ہوگا، ہمارے معاشی ماہرین کی جانب سے ان کی بچت کی سرمایہ کاری کی جائے گی، جبکہ ہمارے شریعہ ایڈوائزر کی زیر نگرانی تکافل تحفظ کا انتظام کیا جائے گا۔ رکنیت کی مدت کے دوران شریک تکافل کی ناگہانی وفات کی صورت میں نقد مالیت(کیش ویلیو) یا زرتحفظ (سم کورڈ) میں سے جو زیادہ ہو گی وہ ادا کی جائے گی۔

رکنیت کی تکمیل کی صورت میں شریک تکافل کے پاس دو اختیارات ہوں گے:

**پہلا اختیار- رکنیت کے تکمیلی فوائد**
شریک تکافل رکن اپنی رکنیت کی تکمیلی مالیت وصول کرسکتا ہے۔

**دوسرا اختیار- حج سہولت کی خدمات**

حج کے مقدس سفر کا آغاز کرنے کے لیے ففتھ پلر فیملی تکافل کی متعلقہ کمپنیز، ففتھ پلر ٹریول پرائیویٹ لمیٹڈ اور ففتھ پلر عریبہ لمیٹڈ( جو سعودی عرب میں رجسٹرڈ ہے)نے پاکستان اور سعودی عرب میں حج کی خدمات کے حوالے سے ایک مکمل نظام ترتیب دیا ہے۔ اس نظام میں درجِ ذیل سہولیات شامل ہیں، لیکن انہی میں منحصر نہیں:

- رجسٹریشن برائے حج
- ویکسینیشن
- تعارف اور ٹریننگ
- حج پیک میں احرام، عبایا، جائے نماز وغیرہ شامل ہیں
- پاکستان اور سعودی عرب کے مختلف ایئرپورٹس پر معاونت کی سہولت
- سعودی ایئرپورٹ سے بک شدہ ہوٹل کی طرف سفر
- مکہ اور مدینہ کی رہائش
- سعودی عرب میں زیارات اور حج سے متعلق سفر کے انتظامات
- مقدس سفر کے دوران طعام و قیام کا بندوبست

- Better camp locations in Mina and Arafat during Hajj days
- Airport and travel assistance for the return journey from Saudi Arabia
- Welcoming assistance for returning Hajis in Pakistan.

- منیٰ اور عرفات میں خیموں کے لیے بہترین جگہ کا انتخاب
- سعودی عرب سے واپسی پر ایئر پورٹ پر معاونت کی سہولت
- پاکستان میں حجاج کا خیر مقدم

5th Pillar Travel Private Limited will be responsible for all the services mentioned in Option 2 above.

ففتھ پلر ٹریول پرائیویٹ لمیٹڈ آپشن 2 میں ذکر کردہ تمام خدمات کے ذمہ دار ہوں گے۔

You have complete freedom to perform Hajj through the above mentioned **Value Chain** or any other Hajj operator/facilitator of your choice.

آپ کو مکمل اختیار ہے کہ آپ مذکورہ بالا نظام کے تحت حج ادا کریں یا کسی اور آپریٹر کا انتخاب کریں۔

## Key Benefits

## اہم فوائد

**Death Benefit:**
In the event of death of the participant during membership period, higher of face value or cash value shall be payable

**وفات کی صورت میں ملنے والے فوائد:**
رکنیت کی مدت کے دوران شریک تکافل کی وفات کی صورت میں نقد مالیت یا زرتحفظ میں سے جو زیادہ ہو گی ادائیگی کی جائے گی۔

**Maturity Benefit:**
Upon maturity, the participants shall have the following options:

- Withdraw their accrued cash value on the date of maturity; or
- Utilize the accrued cash value to perform Hajj by availing the services of 5th Pillar Travel (Private) Limited or any other Hajj operator of their choice.

**تکمیلی فوائد:**
رکنیت کی تکمیل کے موقع پر شریک تکافل کے پاس درجِ ذیل دو اختیارات ہیں:

- تکمیل کی تاریخ تک نقد مالیت کے طور پر موجود رقم کی وصولی۔
- ففتھ پلر ٹریول لمیٹڈ یا اپنی مرضی کے کسی اور حج آپریٹر کی خدمات حاصل کرکے حج کی ادائیگی کے لیے حاصل شدہ نقد مالیت کا استعمال کر سکتا ہے۔ مالیت وصول کرکے اپنی رکنیت سے دستبردار ہوسکتا ہے۔

**Surrender Value:**
Participant may surrender his/her membership at any time during membership term and avail 100% of prevailing basic cash value.

**دستبرداری مالیت:**
رکنیت کی مدت کے دوران شریک تکافل کسی بھی وقت موجودہ بنیادی نقد مالیت وصول کرکے اپنی رکنیت سے دستبردار ہوسکتا ہے۔

## Options for Revision in Contribution Amount

## زرتعاون کی رقم میں نظر ثانی کا اختیار

This plan offers the participants flexibility to adjust the contribution amount during membership period through the following options:

اس پلان میں شریک تکافل کے پاس رکنیت کی مدت کے دوران اپنے زرتعان کی مقدار میں ایڈجسٹمنٹ کے درجِ ذیل اختیارات ہیں:

**Indexation:** To cover the impact of inflation, this option provides opportunity to increase contribution amount and/or Takaful benefits by 5%, 10% or 15% on annual basis.

**انڈیکسیشن(اضافہ):** مہنگائی کے اثر کو قابو میں رکھنے کے لیے یہ آپشن سالانہ بنیاد پر زرتعاون کی رقم/تکافل فوائد کی مقدار میں 5% ، 10% یا 15% تک اضافہ کا موقع فراہم کرتا ہے۔

**Endorsement:** A participant can increase or decrease his/her annual contribution by any percentage he/she wants, effective from next anniversary date.

**توثیق:** شریک تکافل اپنی مرضی سے کسی بھی شرح کے اعتبار سے سالانہ زرتعاون میں اضافہ یا کمی کرسکتا ہے، جس کا اطلاق رکنیت کی اگلی سالگرہ سے ہوگا۔

**Top-up:** Any additional amount can be deposited in the membership plan anytime, after paying applicable top-up charges.

**ٹاپ اپ:** ٹاپ اپ کے قابل اطلاق چارجز ادا کرکے کسی بھی وقت اپنی رکنیت میں اضافی رقم جمع کروائی جاسکتی ہے۔



## Unit Pricing Methodology

## یونٹس کی پرائسنگ کا طریقۂ کار

The price per unit of each fund is determined using the forward pricing methodology. The unit price is determined on a daily basis. Each regular contribution and top-up contribution, after deduction of allocation fee and top-up charge respectively, is used to acquire units in the PIF in one or more funds.

کسی بھی فنڈ میں موجود ہر یونٹ کی قیمت کا تعین فارورڈ پرائسنگ کے طریقۂ کار کے مطابق کیا جاتا ہے۔ یونٹس کی قیمتوں کا تعین روزانہ کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔ ہر باقاعدہ زرتعاون اور ٹاپ اپ زرتعاون سے بالترتیب ایلوکیشن فیس اور ٹاپ اپ چارجز منہا کرنے کے بعد بچ جانے والا زرتعاون پی آئی ایف کے ایک یا زیادہ فنڈ کے یونٹس حاصل کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

## Investment Strategy

## سرمایہ کاری کی حکمت عملی

5th Pillar Family Takaful Limited provides the following unit-linked investment strategies for its Participants based on their risk appetite.

ففتھ پلر فیملی تکافل لمیٹڈ اپنے شرکاء تکافل کو ان کے رسک کی صلاحیت کو مد نظر رکھتے ہوئے سرمایہ کاری کی درجِ ذیل حکمتِ عملی پیش کرتا ہے۔

| | Aggressive جارحانہ | Balanced متوازن | Conservative/Money Market محتاط / منی مارکیٹ |
|---|---|---|---|
| Shariah-Compliant Equities<br>شریعت سے ہم آہنگ ایکویٹیز | 10% - 90% | 5% - 45% | 0% |
| Shariah-Compliant Fixed Income<br>شریعت سے ہم آہنگ فکسڈ آمدن | 10% -90% | 5% - 95% | 100% |
| Risk Profile رسک کی نوعیت | | | |
| Risk Profile<br>رسک کی نوعیت | High زیادہ | Medium معتدل | Low کم |

## Plan Specifications and Charges

## پلان کی خصوصیات اور چارجز

<table>
<tr><td>Eligible Age<br>اہلیت کی عمر</td><td colspan="2">Minimum Entry Age: 18 Years<br>Maximum Entry Age: 55 Years<br>Maximum Age at Maturity: 70 Years</td><td colspan="2">رکنیت کے وقت کم سے کم عمر18سال<br>رکنیت کے وقت زیادہ سے زیادہ عمر55 سال<br>تکمیل کے وقت زیادہ سے زیادہ عمر70 سال</td></tr>
<tr><td>Plan Term<br>پلان کی مدت</td><td colspan="2">Minimum Term: 10 Years<br>Maximum Term: 25 Years</td><td colspan="2">کم سے کم مدت 10 سال<br>زیادہ سے زیادہ مدت 25 سال</td></tr>
<tr><td>Financial Protection<br>مالی تحفظ</td><td colspan="2">Minimum Cover Multiple of Basic Contribution: 5<br>Maximum Cover Multiple: Up to 200 depending upon the age of the participant and underwriting membership</td><td colspan="2">کم سے کم تحفّظ، زرِ تعاون کا 5 گنا<br>زیادہ سے زیادہ تحفّظ: شریکِ تکافل کی عمر اور انڈر رائٹنگ ممبرشپ کی بنیاد پر 200 تک</td></tr>
<tr><td>Modes of Contribution<br>زرتعاون کی ادائیگی کا دورانیہ</td><td colspan="2">You have the convenience to make contributions on yearly, half yearly, quarterly and monthly basis.</td><td colspan="2">آپ اپنا زرِتعاون اپنی سہولت کے مطابق سالانہ، ششماہی، سہ ماہی یاماہانہ بنیاد پر ادا کر سکتے ہیں۔</td></tr>
<tr><td rowspan="2">Allocations<br>تخصیص</td><td>Membership Year<br>رکنیت کا سال</td><td>1</td><td>2</td><td>3 & onwards<br>3 اور اس سے زائد</td></tr>
<tr><td>Allocation %<br>تخصیص کی شرح</td><td>60%</td><td>70%</td><td>100%</td></tr>
<tr><td rowspan="2">Allocation Fee<br>ایلوکیشن فیس</td><td>Membership Year<br>رکنیت کا سال</td><td>1</td><td>2</td><td>3 & onwards<br>3 اور اس سے زائد</td></tr>
<tr><td>Allocation Fee<br>تخصیص کی شرح</td><td>40%</td><td>30%</td><td>0%</td></tr>
<tr><td>Membership Administration Fee<br>رکنیت کی انتظامی فیس</td><td colspan="2">Annual Membership fee of PKR 1,800 will be charged on monthly basis (PKR 150/Month) as administration fee and will increase by 8% per annum from second year onwards.</td><td colspan="2">سالانہ رکنیت کی فیس مبلغ 1,800 روپے ماہانہ کی بنیاد پر انتظامی فیس کی مد میں(150روپے) چارج ہونگے اور دوسرے سال کے آغاز سے 8% سالانہ یہ فیس بڑھا کرے گی۔</td></tr>
<tr><td>Bid Offer Spread<br>قیمت خرید اور فروخت کے درمیان کا فرق</td><td colspan="2">5% on amount allocated to Participant's Investment Fund (PIF)</td><td colspan="2">شریک تکافل کے سرمایہ کاری فنڈ میں جمع کی گئی رقم کا 5%</td></tr>
<tr><td>Wakalat-ul-Istismar Fee (Investment Management Fee)<br>وکالۃ الاستثمار کی فیس<br>(سرمایہ کاری کے انتظام کی فیس)</td><td colspan="2">Investment Management Charge (IMC) would be levied as 0.146% per month of the fund value deducted each time the fund is valued.</td><td colspan="2">ہر مرتبہ جب بھی فنڈ کی مالیت لگائی جائے گی تو ماہانہ بنیاد پر فنڈ کا 0.146% سرمایہ کاری کے انتظامی چارجز لاگو ہوں گے۔</td></tr>
</table>

## Bonus Allocation

## بونس ایلوکیشن

As you continue membership for a longer term you will gain bonuses in terms of Loyalty Bonuses. The extra units will be allocated to your Participant Investment Fund (PIF). This extra unit allocation is in addition to the basic units of allocations. The Loyalty Bonus allocation is as follows

جتنے طویل عرصے تک آپ اپنی رکنیت جاری رکھیں گے، تو آپ کو "لایلٹی بونسز" کے عنوان سے بونسز ملتے رہیں گے، یہ اضافی یونٹس آپ کے سرمایہ کاری میں مختص کیے جائیں گے۔ اضافی یونٹس کی تخصیص، بنیادی (PIF) فنڈ یونٹس کی تخصیص کے علاوہ ہوگی۔ لایلٹی بونسز کی تخصیص درجِ ذیل اعتبار سے ہوگی

| Membership Year<br>رکنیت کا سال | 5 | 7 | 10 | 15 | 20 | 25 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| Loyalty Bonus Allocation %<br>لایلٹی بونسز کی تخصیص کی شرح | 10% | 20% | 30% | 50% | 50% | 50% |

The bonuses are payable subject to timely payment of basic contributions not less than the initial basic contribution, given that no partial withdrawals are taken during the term of the policy.

ان بونسز کی ادائیگی، بنیادی زرتعاون کی بروقت ادائیگی سے مشروط ہے، جوکہ ابتدائی بنیادی زرتعاون سے کم نہ ہو، اس کے علاوہ یہ بھی ضروری ہے کہ رکنیت کی مدت کے دوران نہ کوئی جزوی دستبرداری کی گئی ہو۔

## Sample Illustration

## فرضی خاکہ

| Name | Mr. Ahmad | جناب احمد | نام |
|---|---|---|---|
| Age | 35 years | 35 سال | عمر |
| Plan Term | 15 years | 15 سال | پلان کی مدت |
| Contribution Term | 15 years | 15 سال | زرتعاون کی مدت |
| Commencement Year | 2024 | 2024 | آغاز کا سال |

| Member-ship Year<br>رکنیت کا سال | Cumulative Main Plan Basic Contribution Paid<br>اصل پلان کا ادا کردہ بنیادی زر تعاون | 6% P.A. Unit Growth Rate/Rate of Return*<br>6% سالانہ یونٹ گروتھ ریٹ/نفع کی شرح | | 10% P.A. Unit Growth Rate/Rate of Return<br>10%سالانہ یونٹ گروتھ ریٹ نفع کی شرح | | 13% P.A. Unit Growth Rate/Rate of Return<br>13%سالانہ یونٹ گروتھ ریٹ نفع کی شرح | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | Main Plan Death Benefit<br>بنیادی پلان کے فوائد بصورت فوتگی | Surrender Value<br>دستبرداری مالیت | Main Plan Death Benefit<br>بنیادی پلان کے فوائد بصورت فوتگی | Surrender Value<br>دستبرداری مالیت | Main Plan Death Benefit<br>بنیادی پلان کے فوائد بصورت فوتگی | Surrender Value<br>دستبرداری مالیت |
| 1 | 140,000 | 700,000 | 80,626 | 700,000 | 83,713 | 700,000 | 86,029 |
| 2 | 280,000 | 700,000 | 177,777 | 700,000 | 187,891 | 700,000 | 195,638 |
| 3 | 420,000 | 700,000 | 320,613 | 700,000 | 343,738 | 700,000 | 361,784 |
| 4 | 560,000 | 700,000 | 469,528 | 700,000 | 512,379 | 700,000 | 546,496 |
| 5 | 700,000 | 700,000 | 638,738 | 709,359 | 709,359 | 766,673 | 766,673 |
| 10 | 1,400,000 | 1,591,587 | 1,591,587 | 1,952,191 | 1,952,191 | 2,279,135 | 2,279,135 |
| 15 | 2,100,000 | 2,748,163 | 2,748,163 | 3,769,588 | 3,769,588 | 4,811,760 | 4,811,760 |

*This is an expected rate of return.*

*یہ منا فع کی متو قع شر حین ہیں



## Riders' Descriptions

You have further flexibility to customize your membership's total coverage by adding the following optional riders. The level contribution of these riders will be charged in addition of the main plan contribution. The riders can be attached at the time of membership acquisition or at anniversary of the Membership.

### 1. Accidental Death Benefit (ADB):

This rider pays a lump sum amount in case of accidental death of the covered person.

### 2. Accidental Death & Dismemberment Benefit (ADDB):

This rider pays a lump sum amount in case of accidental death of the covered person or if due the accident, causing dismemberment to the covered person.

### 3. Family Income Benefit (FIB):

This rider pays the family of the covered person a Regular Monthly benefit up to end of Term of Membership in case of the covered persons demise during the Membership life. The Family Income Benefit ("FIB") is payable for the entire FIB term.

### 4. Critical Illness (CI):

The Critical Illness sum covered is payable to the participant in case if he/she is diagnosed as having one of the specified critical illnesses diseases (i.e Cancer, Cardiac, Stroke), during the in-force term of this rider.

### 5. Waiver of Contribution - Death (WOC):

In case of an event causing the Death of the participant, the remaining contributions after the date of event up to the end of contribution paying term would be paid by the Individual Family Takaful Participants' Fund 'IFTPF' of 5th Pillar Family Takaful.

### 6. Waiver of Contribution - Disability (WOC):

In case of an event causing the Permanent Total Disability due to Accident & Sickness of the participant, and participant is not able to follow his/her occupation or any other occupation, the remaining contributions after the date of event up to the end of contribution paying term would be paid by the Individual Family Takaful Participants' Fund 'IFTPF' of 5th Pillar Family Takaful. The waiting period of 180 days shall apply.

## ضمنی فوائد کی وضاحت

آپ درجِ ذیل اختیاری ضمنی فوائد کے ذریعے اپنے تکافل تحفظ کی مقدار میں اضافہ بھی کرسکتے ہیں۔ ضمنی فوائد منتخب کرنے کی صورت میں بنیادی زرتعاون کے علاوہ زرتعاون کی ایک مخصوص مقدار مزید ادا کرنی ہوگی۔ یہ ضمنی فوائد رکنیت کے حصول کے وقت یا رکنیت کی سالگرہ کے موقع پر بنیادی پلان کے ساتھ منسلک کیے جاسکتے ہیں۔

### حادثاتی وفات کی صورت میں ملنے والے فوائد (ADB):

اس کے تحت شریکِ تکافل کی حادثاتی وفات کی صورت میں یکمشت رقم ادا کی جاتی ہے۔

### حادثاتی وفات اور معذوری کی صورت میں ملنے والے فوائد(ADDB):

اگر کسی حادثہ کی وجہ سے شریک تکافل کی وفات ہوجائے یا شریکِ تکافل معذور ہوجائے تو اس فائدہ کے تحت یکمشت رقم کی ادئیگی کی جائے گی۔

### فیملی انکم کے فوائد (FIB):

اگر رکنیت کے دورانیے میں شریک تکافل کی وفات ہوجائے تو شریکِ تکافل کی فیملی کو رکنیت کے اختتام تک ماہانہ بنیاد پر فوائد ادا کیے جائیں گے۔ یہ فوائد اس مخصوص ضمنی فائدہ کی مکمل مدت تک فراہم کیے جاتے ہیں۔

### موذی امراض کی صورت میں ملنے والے فوائد (CI):

رکنیت کی مدت کے دوران اگر شریکِ تکافل کو کسی ایسی بیماری کی تشخیص ہوجائے جو تکافل آپریٹر کی طرف سے طے شدہ مخصوص امراض (مثلاً کینسر، دل کا مرض، اسٹروک) کی فہرست میں شامل ہے تو ایسی صورت میں اس ضمنی فائدہ کے تحت شریکِ تکافل کو تکافل تحفظ کی رقم فراہم کی جائے گی۔

### وفات کی صورت میں زرتعاون کی ادائیگی سے استثناء:

شریکِ تکافل کی ناگہانی وفات کی صورت میں وفات کی تاریخ کے بعد سے ادائیگی کی مدت تک تمام قابل اداء زرتعاون ففتھ پلر فیملی تکافل کے انفرادی فیملی تکافل فنڈ برائے شرکاء تکافل کی جانب سے ادا کیے جائیں گے۔

### معذوری کی صورت میں زرتعاون کی ادائیگی سے استثناء:

اگر کسی بیماری یا حادثہ کی وجہ سے شریک تکافل مستقل اور مکمل طور پر معذور ہوجائے، جس کی وجہ سے وہ اپنا پیشہ یا کوئی اور پیشہ جاری نہ رکھ سکے تو ایسی صورت میں واقعہ کے بعد سے ادائیگی کی مدت تک تمام قابل اداء زرتعاون ففتھ پلر فیملی تکافل کے انفرادی فیملی تکافل فنڈ برائے شرکاء تکافل سے ادا کیے جائیں گے۔ اس فائدے کے لیے 180 دن انتظار کی مدت کا اطلاق ہوگا۔

## Disclaimers:

Only 5th Pillar Family Takaful Limited is licensed and regulated by Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP).

This product is underwritten by 5th Pillar Family Takaful Limited.

The product is not guaranteed nor covered by any of the other Group Companies of 5th Pillar Family Takaful Limited and they are not liable in any context.

The past performance of funds is not necessarily a guide to future performance. Any forecast made is not necessarily indicative of future or likely performance of the funds and neither 5th Pillar Family Takaful Limited will incur any liability for the same.

A personalized illustration of benefits will be provided to the customer. Please refer to the notes in the illustration for detailed understanding of the various terms and conditions.

The investment risk shall be borne by the Participant and actual maturity or surrender values may be lower or higher than the projected figures.

## Frequently Asked Questions (FAQs):

**Why 5th Pillar Family Takaful Bulawa Hajj Savings Plan**

5th Pillar Family Takaful Bulawa Hajj Savings Plan is the structured Takaful solution to fulfill your dream to perform Hajj obligation. This plan has both Takaful Protection and Saving components and facilitates you to achieve this goal and embark on this spiritual journey of Hajj through its associate companies as per your preference.

**What is a Unit-Linked product?**

Unit-Linked products mean Investment-Linked Takaful products offering Family Takaful coverage coupled with saving component where under the saving component is managed through operating unit-linked investment funds.

**How will my investment be managed?**

The deposited amount will be invested according to Shariah principles in different avenues within the country. The Shariah advisor of 5th Pillar Family Takaful will approve all the modes of investment.

**Does the projected amount include all expenses of Hajj?**

Yes, the projected amount for economy Hajj based on inflation and forecasted foreign exchange rates has been estimated taking into account all expenses of Hajj including Tickets, Visa and Accommodations, Transportation and Food Catering except Qurbani. However, actual cost of Hajj may vary each year based on various factors like inflation, taxes and exchange rates etc. 5th Pillar Travel Pvt. Ltd. will announce the price of Hajj Package each year and in case of shortfall, if any, between the price of Hajj Package and the maturity proceeds of the membership, it will be borne by the participant.

## وضاحت:

ففتھ پلر فیملی تکافل لمیٹڈ ایک لائسنس یافتہ کمپنی ہے جسے سیکورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان ( ایس ای سی پی ) کے قواعد وضوابط کے تحت چلایا جارہا ہے۔

یہ پراڈکٹ ففتھ پلر فیملی تکافل کی جانب سے پیش کی جارہی ہے۔

اس پراڈکٹ کے حوالے سے ففتھ پلر کی دیگر گروپ کمپنیز کی کوئی گارنٹی یا ضمانت نہیں ہے اور وہ کسی بھی طور سے اس پراڈکٹ کے ذمہ دار نہیں ہوں گے۔

فنڈز کی ماضی کی کارکردگی مستقبل کی کارکردگی کی نمائندگی نہیں کرتی۔ کسی بھی قسم کی پیشگوئی کا مستقبل میں اسی طرح ہونا ضروری نہیں ہے اور نہ ہی ففتھ پلر فیملی تکافل لمیٹڈاس کارکردگی کی ذمہ دار شمار ہوگی۔

خصوصی طور پر تیار کردہ فوائد کا خاکہ شریک تکافل کوفراہم کیا جائے گا۔ مختلف شرائط و ضوابط کو اچھی طرح سمجھنے کے لیے ازراہ کرم السٹریشن کے نوٹس ملاحظہ فرمائیں۔

سرمایہ کاری کا رسک شریک تکافل کو خود ہی برداشت کرنے ہوں گے، تکمیلی مالیت یا دستبرداری مالیت بیان کردہ اعداد سے کم یا زیادہ ہوسکتی ہے۔

## اکثر پوچھے گئے سوالات:

**ففتھ پلرفیملی تکافل بلاوا حج سیونگز پلان کا انتخاب کیوں؟**

ففتھ پلرفیملی تکافل بلاوا حج سیونگز پلان، حج کی ذمہ داری کے خواب کو شرمندۂ تعبیر کرنے کے لیے خصوصی طور پر تیار کردہ تکافل حل ہے۔ اس پلان میں تکافل تحفظ اور سرمایہ کاری دونوں عناصر ہیں، اس کے ساتھ ساتھ یہ پلان آپ کی چاہت کے مطابق اپنی متعلقہ کمپنیز کے ذریعے حج کے روحانی سفر کے آغاز اور اس ہدف کے حصول میں معاونت فراہم کرتا ہے۔

**یونٹ لنکڈ پراڈکٹ کسے کہتے ہیں؟**

یونٹ لنکڈ پراڈکٹ سے مراد سرمایہ کاری سے منسلک وہ تکافل پراڈکٹ ہیں جو تکافل تحفظ کے ساتھ بچت کی سہولت بھی فراہم کرتی ہیں، بچت کا انتظام یونٹ لنکڈ سرمایہ کاری فنڈ کے ذریعے کیا جاتا ہے۔

**میری سرمایہ کاری کا انتظام کس طرح کیا جاتا ہے؟**

جمع کردہ رقم کی سرمایہ کاری ملک کے اندر شرعی اصولوں کے مطابق مختلف مواقع میں کیا جاتا ہے۔ ففتھ پلر فیملی تکافل کے شریعہ ایڈوائزر تمام طریقائے سرمایہ کاری کی منظوری فراہم کرتے ہیں۔

**کیا متوقع رقم میں حج کے تمام اخراجات شامل ہیں؟**

جی ہاں، متوقع رقم کا اندازہ حج کے تمام اخراجات کو سامنے رکھ کر کیا گیا ہے، جس میں ماسوائے قربانی کے ٹکٹ، ویزا اور قیام و طعام کے اخراجات شامل ہیں۔ بہرحال حج کی حقیقی لاگت مختلف عناصر مثلا مہنگائی، ٹیکسز اور ایکسچینج ریٹ کی وجہ سے تبدیل ہوسکتی ہے۔ ففتھ پلر ٹریول پرائیویٹ لمیٹڈ کی جانب سے ہر سال حج پیکج کی لاگت کا اعلان کیا جائے گااور اگر پی ایم ڈی کی تکمیلی مالیت اور حج پیکج کی لاگت میں فرق ہو تو یہ فرق شریک تکافل کو برداشت کرنا ہوگا۔

### What if I need funds before the completion of term?

We offer Full and Partial withdrawals before the completion of term. However, it is highly recommended that you continue with your plan so you may fulfill your dream of going for Hajj.

### Will I be able to perform Hajj if my maturity value is less or more than the Hajj package?

In case of any difference/shortfall between Hajj package announced by 5th Pillar Travel and Maturity proceeds of the membership, it will be borne by the participant. However, If paid amount/accumulated cash value at maturity is higher than the cost of Hajj, it will be the ownership of the participant.

### What if I am not able or interested to perform Hajj at maturity?

In that case, you can withdraw the maturity value of the membership in cash.

### What if I want to perform Hajj before maturity?

You may be allowed to perform Hajj before maturity by utilizing our exclusive Hajj Facilitation Services provided you decide to pay shortfall amount, if any. You can also withdraw the cash value of your membership at any point during the membership.

### What if I want to perform Hajj with any other Hajj operator?

Yes, you can. However, in case of opting 5th Pillar Travel Pvt. Ltd. as your Hajj arrangements facilitator, you will have facility to enjoy exclusive end-to-end Hajj Facilitation value chain services.

### What if the participant passes away before the maturity of membership?

In event of death of participant before maturity, the nominee shall get the death benefit i.e. higher of face value or cash value.

### What is 5th Pillar Travel Private Limited?

5th Pillar Travel Private Limited is an associated company of 5th Pillar Family Takaful Limited, which will facilitate the customers of 5th Pillar Family Takaful Limited for complete value chain of Hajj related services.

### What if I have any other questions or concerns?

In case of any other queries, please feel free to contact us at info@5thpillartakaful.com or call us at 021-111-786-573

### رکنیت کی مدت مکمل ہونے سے پہلے اگر مجھے فنڈز کی ضرورت ہوتو؟

رکنیت کی مدت مکمل ہونے سے پہلے ہم مکمل یا جزوی دستبرداری کا اختیار فراہم کرتے ہیں۔ بہرحال، آپ کے لیے مخلصانہ مشورہ ہے کہ آپ اپنا پلان مسلسل جاری رکھیں تاکہ آپ اپنے حج پر جانے کا خواب پورا کرسکیں۔

### اگر میری تکمیلی مالیت حج پیکج سے کم یا زیادہ ہو تو کیا میں حج ادا کرسکتا ہوں؟

اگر رکنیت کی تکمیلی مالیت اورففتھ پلر ٹریول کی طرف سے اعلان کردہ حج پیکج کی لاگت میں فرق/کمی ہو تو یہ فرق/کمی شریک تکافل کو برداشت کرنا ہوگا۔ جبکہ تکمیل کے وقت اگر ادا کردہ رقم مجموعی نقد مالیت حج کی لاگت سے زیادہ ہو تو یہ اضافی رقم شریک تکافل کی ملکیت ہوگی۔

### رکنیت کی تکمیل کے وقت اگر میں حج کی ادائیگی کے قابل نہ ر ہوں یا نہ کرنا چاہوں؟

اس صورت میں آپ اپنی رکنیت کی تکمیلی مالیت نقد کی صورت میں وصول کرسکتے ہیں۔

### کیا میں رکنیت کی تکمیل سے پہلے حج ادا کرسکتا ہوں؟

رکنیت کی تکمیل سے پہلے بھی آپ ہماری طرف سے فراہم کردہ خصوصی حج سہولت کی خدمات حاصل کرکے حج کرسکتے ہیں، حج کے اخراجات میں کسی بھی قسم کی کمی آپ کو بردشت کرنی ہوگی۔ آپ کسی بھی وقت اپنی رکنیت کی نقد مالیت سے دستبردار ہوسکتے ہیں۔

### کیا میں کسی اورحج آپریٹر کی خدمات حاصل کرسکتاہوں؟

جی ہاں آپ کرسکتے ہیں۔ بہرحال ، اگر آپ حج انتظامات کے لیے ففتھ پلر ٹریول کی خدمات حاصل کرتے ہیں توآپ ہماری طرف سے مرتب کردہ آغاز سے اختتام تک حج سہولت سے فائدہ اٹھاسکیں گے۔

### رکنیت کی تکمیل سے پہلے اگر شریک تکافل کی وفات ہوجائے تو کیا ہوگا؟

رکنیت کی تکمیل سے پہلے شریک تکافل کی وفات کی صورت میں ان کے نامزد مستفید کو وفات کی صورت میں ملنے والے فوائد ادا کردیے جائیں گے، یعنی مجموعی زرتحفظ اور نقد مالیت میں سے جو زیادہ ہو۔

### ففتھ پلر ٹریول پرائیویٹ لمیٹڈ کا تعارف

ففتھ پلر ٹریول پرائیویٹ لمیٹڈ، ففتھ پلر فیملی تکافل لمیٹڈ کی متعلقہ کمپنی ہے، جو ففتھ پلر فیملی تکافل لمیٹڈ کے صارفین کو حج سے متعلق خدمات کا مکمل انتظام فراہم کرتی ہے۔

### اگر میر ا کوئی اور سوال یا شکایت ہوتو کس سے رجوع کروں؟

مزید معلومات کی صورت میں ہم سے info@5thpillartakaful.com پر رابطہ کریں یا 021-111-786-573 پر ہمیں کال کریں۔



5th Pillar
Family Takaful Limited

ففتھ پلر
فیملی تکافل لمیٹڈ

آئیے، ساتھ چلیں

www.5thpillartakaful.com 021-111-786-573